
# خبر نامہ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

اپریل 2022ء



عیدالفطر کا یہ مبارک دن اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے روزوں کو اور ہماری عبادتوں کو قبولیت بخشے اور ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم سب اُسوہِ حسنہ ﷺ پر عمل پیرا ہو کر وطنِ عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی میں اپنا منفرد کردار ادا کر سکیں۔

آمین

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال



**Prof. Dr. Shahid Kamal**
Patron in Chief
Vice Chancellor

**Mr. Zeshan Ahmed Khan**
Chief Editor
Public Relation Officer

**Mr. Rizwan Ahmad**
Editor
Protocol Officer

**Mr. Hassan Mahmood**
Designing and Composing
Computer Programmer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

# جی سی یونیورسٹی میں استقبال رمضان کے حوالے سے بین الاقوامی سیمینار کا انعقاد

شعبہ علوم اسلامیہ کے زیراہتمام جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں استقبال رمضان کے موضوع پر ایک روزہ انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک اللہ تعالی کی خصوصی بخشش اور برکتوں کے نزول کا مہینہ ہے اور دوزخ سے نجات کا بھی وسیلہ ہے۔ مقررین میں ڈاکٹر محمد منیر الازہری کریمیہ انسٹی ٹیوٹ، برطانیہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ رمضان روحانی اسائنمنٹ کا مہینہ ہے اور اللہ کی پہچان کروانے والا مہینہ ہے، خیالات کو پاک کرنے کا مہینہ ہے۔ اسرار حسین معاویہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ روزہ کا مفہوم ہے کہ اللہ کے کہنے پر ضروریات کو چھوڑنا، جس شخص کو صحت، عافیت، آزادی اور ایمان کی نعمتوں کے ساتھ رمضان ملا اس پر شکر واجب ہے۔ رمضان میں تعمیر ذات کے حوالے سے 4 ایسی چیزیں ہیں جو باقی مہینوں میں نہیں ملتیں ان میں فرض روزے، تقوی، اعتکاف اور لیلۃ القدر شامل ہیں۔ عابد نعمان شامی نے کہا کہ رمضان معافی کا مہینہ ہے اور اس میں ہم اپنے آپ کو مرتب کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر مفتی محمد سلیم نے کہا کہ جو روزہ رکھنے کے باوجود جرم نہیں چھوڑتا اس کے روزے کی اللہ کو کوئی پروا نہیں۔ صدقہ کے حوالے سے کم از کم لیول کی بجائے اپنی حیثیت کو ملحوظ خاطر رکھیں اور زیادہ سے زیادہ اللہ کی راہ میں خرچ کریں۔ صدر شعبہ ڈاکٹر شیر علی نے خطاب کرتے ہوئے فضائل رمضان کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔














# جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں فضیلت رمضان کے موضوع پر سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ کمپیوٹر سائنس اور نظامت امور طلباء کے اشتراک سے فضیلت رمضان کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد ماہ رمضان کے مقدس مہینہ کی فضیلت اور اہمیت پر روشنی ڈالنا تھا۔ مقررین میں انچارج ڈین پروفیسر ڈاکٹر عابد رشید، پروفیسر ڈاکٹر رمضان طالب، پروفیسر ڈاکٹر زاہرہ بتول، ڈاکٹر ندیم سہیل، ڈاکٹر عمر حیات اور ڈاکٹر محسن بشیر نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر چیئرمین شعبہ کمپیوٹر سائنس پروفیسر ڈاکٹر رمضان طالب کا کہنا تھا کہ وقت آ گیا ہے کہ غفلت کی دلدل سے نکل کر دائمی اطاعت کی پوشاک پہن لیں، رمضان کریم پیام عافیت اور نوید مغفرت کا مہینہ ہوتا ہے جس میں اللہ کی رضا، بخشش، مغفرت اور عطا کو حاصل کرنے کے لیے صدقِ دل سے دعائیں کی جاتی ہیں۔ مقررین نے رمضان کی اہمیت اور فضیلت پر روشنی ڈالی ان کا کہنا تھا کہ لوگوں میں قیام رمضان اور صیام رمضان کا حقیقی شعور بیدار کیا جانا چاہئیے، ماہ رمضان انفرادی اور اجتماعی حوالے سے تجدید ایمان کا موقع فراہم کرتا ہے۔ سیمینار میں یونیورسٹی اساتذہ سمیت طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔












## لائلپور آرٹ اینڈ لیٹریچر فیسٹیول جی سی یونیورسٹی کی پہلی پوزیشن

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں منعقدہ کل پاکستان ساتواں لائلپور آرٹ اینڈ لیٹریچر فیسٹیول میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے 26 انفرادی پوزیشنز کے علاوہ 3ٹیم ٹرافیز کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی ڈاکٹر اقرار احمد خان نے طلباء و طالبات کو انعامات سے نوازا۔ جی سی یونیورسٹی کے نظامت امور طلباء کے تحت کام کرنے والی رائٹرز کلب، میڈیا سوسائٹی، میوزیکل سوسائٹی، فائن آرٹس سوسائٹی اور جناح ڈیبٹنگ سوسائٹی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 26 انفرادی پوزیشنز کے ساتھ 3 ٹیم ٹرافیز کے ساتھ لائلپور آرٹ اینڈ لیٹریچر فیسٹیول کا معرکہ اپنے نام کر لیا۔ اس شاندار کامیابی پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو مبارکباد دی۔ وائس چانسلر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ایسے پروگراموں کا مقصد نوجوانوں کو ہم نصابی سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ہے تاکہ وہ مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ طلباء میں فن اور ادب کے ذوق کو اجاگر کر کے ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل نے اس کامیابی پر تمام یونیورسٹی اساتذہ، سوسائٹیز کے انچارج اور طلباء کو مبارکباد دی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ایسے پروگراموں کے انعقاد سے باصلاحیت نوجوانوں کو نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع میسر آتا ہے۔










## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں تقرر و تبادلے

وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سمیت متعدد خالی اسامیوں پر تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین باٹنی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر نعیم اقبال کو یونیورسٹی کمیونٹی کالج کے پرنسپل کی اضافی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر غلام مرتضی کو ڈائریکٹر انڈر گریجوایٹ سٹڈیز، پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، ڈاکٹر شفاقت علی کو پرنسپل کالج آف ایگری کلچر اینڈ اینورنمنٹل سائنسز تعینات کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر رضوان رشید کو ڈائریکٹر کیریئر کونسلنگ اینڈ ایلومینائی آفیئرز جبکہ ان کے ساتھ ڈاکٹر سلمہ امبر اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ ماس کمیونیکیشن، ڈاکٹر صدف محمود، ڈاکٹر رضوان کامران، محترمہ سحر جاوید کو ڈپٹی ڈائریکٹر کیریئر کونسلنگ اینڈ ایلومینائی آفیئرز تعینات کیا گیا ہے۔ تمام افسران اور اساتذہ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔

# جی سی یونیورسٹی میں عالمی ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے سیمینار

گرین یوتھ موومنٹ کلب ڈائریکٹریٹ آف سٹوڈنٹ افیئرز گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی طرف سے "عالمی ماحولیاتی تبدیلیوں، جنگلات اور سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ گولز" کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد دنیا میں ہونے والی ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات اور جنگلات کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ مقررین میں ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز ڈاکٹر ندیم سہیل، ڈاکٹر تنویر شہزاد، ڈاکٹر صابر حسین، ڈاکٹر صائمہ مزمل نے طلباء و طالبات کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے معاشرے پر ہونے والے اثرات اور جنگلات کی اہمیت کے بارے میں رہنمائی فراہم کی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں ماحولیاتی تبدیلی کے باعث درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے یہی وجہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے ہونے والی تباہی سے بچانے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ٹریننگ میں ڈاکٹر محمد فرخ نواز چیئر پرسن آف ڈیپارٹمنٹ فوریسٹری زرعی یونورسٹی فیصل آباد اورڈاکٹر نبیل خان نیازی ایسوسی ایٹ پروفیسر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے تفصیلی گفتگو کی۔









## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کی میٹنگ


گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کی سنتالیسویں میٹنگ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کے تمام ممبران اور ڈینز نے شرکت کی۔ ایڈوانس سٹڈیز کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر حضور صابر نے میٹنگ کے ایجنڈے اور اہم نکات پر بریفنگ دی۔ ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کی اس میٹنگ میں پی ایچ ڈی کے مختلف طلباء کے تھیسز کی اویلیو ایشن رپورٹ پیش کی گیں، جن کو سیر حاصل گفتگو کے بعد منظور کر لیا گیا۔ طلباء کو مقررہ تاریخ تک تھیسز جمع نہ کروا سکنے کی صورت میں مزید توسیع دی گئی۔ میٹنگ میں فیکلٹی آف انجیرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، فیکلٹی آف فارماسیوٹیکل، فیکلٹی آف لائف سائنسز کے فیکلٹی بورڈز کے منٹس کو منظور کر لیا گیا۔ میٹنگ میں طلباء طالبات کو ریسرچ اور تھیسز کے متعلق مزید سہولیات دنیے اور آسانیاں پیدا کرنے کے حوالے سے اقدامات اٹھانے پر زور دیا گیا۔







## انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا اعزاز



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے ایم ایس کے ہونہار طالب علم اسامہ ظفر نے گوگل کوڈ جیم 2022 کا کوالیفکیشن راؤنڈ اکھتر پوائنٹس کے ساتھ اپنے نام کر لیا۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اس شاندار کامیابی پر طالب علم اور چئیرمین شعبہ کمپیوٹر سائنس پروفیسر ڈاکٹر رمضان طالب سمیت پوری فیکلٹی کو مبارکباد پیش کی ہے، ان کا مزید کہنا تھا کہ اس طرح کے مقابلہ جات طالب علموں کے اندر چھپے ٹیلنٹ کو نکھارنے کا سبب بنتے ہیں۔ اس موقع پر چئیرمین شعبہ کمپیوٹر سائنس پروفیسر ڈاکٹر رمضان طالب کا کہنا تھا کہ گوگل کی طرف سے کوڈنگ کا ایواڈ جیتنا نہ صرف فیصل آباد بلکہ پورے پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شعبہ کمپیوٹر سائنس درخشاں روایات کا امین رہا ہے، ہمارے طالب علموں نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کا نام روشن کیا ہے۔ اسامہ ظفر کو اس کامیابی پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے گوگل کی طرف سے جاری کی گئی تعریفی سند سے نوازا۔